## 22265 ـ نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کرنے کا حکم

**سوال**

میں عمرہ کی ادائیگی کے لیے مکہ گیا چنانچہ راستے میں ایك شہر کے قریب نماز جمعہ کا وقت ہو گیا، میں نے ایك مسجد میں نماز جمعہ ادا کی اور نماز کے بعد نماز عصر ادا کر لی کیونکہ میں مسافر تھا، تو کیا میرا یہ عمل جائز ہے ؟ اس کے متعلق فتوی دے کر عند اللہ ماجور ہوں.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہمارے علم کے مطابق تو ایسی کوئی دلیل نہیں جس سے نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کرنا جائز ہو، اور نہ ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ کسی صحابی سے ہی یہ منقول ہے.

چنانچہ اسے ترك کرنا ہی واجب ہے، اور جس نے ایسا کیا اسے نماز عصر کا وقت شروع ہونے کے بعد نماز لوٹانی چاہیے.

اللہ تعالی سب کو توفیق سے نوازے.

واللہ اعلم .